الْحَمدُللهِ رَبِّ الْعٰلَمِين وَالصَّلٰوةُ وَالسَّلاَ مُ عَلٰی سَيِّدِالمُرسَلِين اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيم ط بِسمِ الله الرَّحْمٰنِ الرَّحِيم

# معروضی عبارات برائے کتاب احیاء العلوم

- ★ جو اپنے مال میں بخل کرے اسے کنجوس کہتے ہیں۔
- ★ شہرت کی خواہش مذموم عمل ہے۔
- ★ حسد کرتے ہوئے یہود نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا انکار کیا۔
- ★ اگر نعمت ایسی ہو جس سے فائدہ اٹھانا جائز ہو تو رشک مباح ہے۔
- ★ حسد کا سب سے سخت سبب دشمنی، بغض و عداوت ہے۔
- ★ خود پر دوسرے کی برتری برداشت نہ کرنا تعزز ہے۔
- ★ ربوبیت کے معنی کمال میں منفرد ہے۔
- ★ حسد کا دینی ضرر اللہ پاک کی ناراضی ہے۔
- ★ مال وجاہ کی محبت کے دو اسباب ہیں۔
- ★ دینی نعمت جو واجب ہو اس پر رشک واجب ہے۔
- ★ قیامت کے دن ریاکار کو 4 ناموں سے بلایا جائے گا۔
- ★ پوشیدہ عمل کی فضیلت اعلانیہ عمل پر 70 گناہ ہے۔
- ★ جب الحزن وادی جہنم میں ہے۔
- ★ عبادت کو مال وجاہ کا ذریعہ بنانا حرام ہے۔
- ★ علت قلّت ذلت سے مومن خالی نہیں ہوتا۔
- ★ اپنی تعریف پر خوش ہونے والا شیطان کو اپنے پیٹ میں داخل کرلیتا ہے۔
- ★ جنگ احد میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے دندان مبارک شہید ہوئے۔
- ★ ریاکاری حرام ہے۔
- ★ شرک اصغر ریا کو کہتے ہیں۔
- ★ کسی کی مصیبت پر خوش ہونا شماتت کہلاتا ہے۔
- ★ دل کا مالک ہونا مال کے مالک ہونے سے بڑا رتبہ رکھتا ہے۔
- ★ حسد کے 4 درجات ہیں۔
- ★ رشک جائز ہے۔۔
- ★ نماز وصدقہ کے ذریعہ ثواب اور اپنی تعریف مقصود ہو تو شرک ہے۔
- ★ جو شخص شہرت کا خواہش مند ہو گویا اس نے اللہ عزوجل کی تصدیق نہیں کی۔
- ★ جس کے عمل میں ذرہ برابر بھی ریا ہو اس کا عمل مقبول نہیں۔
- ★ جب الحزن ریاکاروں کے لئے تیار کی گئی ہے۔
- ★ حب جاہ ہر فساد کی جڑ ہے۔
- ★ حب جاہ کا معنی دلوں کا مسخر ہونا ہے۔

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- ★ بندگی نفس پر مشقت کا نام ہے۔
- ★ علم ومال کے حریص کبھی سیر نہیں ہوتے۔
- ★ شہرت کا طالب آخرت میں لذت نہیں پا سکتا۔
- ★ ریاکاری اخلاص کی ضد ہے۔
- ★ عمل کے ذریعے حسد کا علاج یہ ہے کہ بندہ حسد کا مقابلہ کرے۔
- ★ ارواح سے مراد انسان کا نفس اور قلوب ہے۔
- ★ جس سے حسد کیا جاتا ہے وہ دنیا میں نفع میں ہے۔
- ★ آدمی جس سے محبت کرتا ہے بروزِ قیامت اسی کے ساتھ ہوگا۔
- ★ جس سے حسد کیا جائے اسے محسود کہتے ہیں۔
- ★ عارفین کسی سے حسد نہیں کرتے۔
- ★ تکلیف دہ چیز سے طبیعت نفرت کرتی ہے۔
- ★ حسد غصہ کی فرع ہے اور غصہ اس کی اصل ہے۔
- ★ حسد نیکیوں کو اس طرح کھاجاتا ہے جس طرح آگ لکڑی کو کھاجاتی ہے۔
- ★ 3 چیزیں ایسی ہیں جن سے کوئی بھی نجات حاصل نہیں کر سکتا۔

  1 بدشگونی 2۔بدگمانی 3۔حسد
- ★ قریب ہے کہ فقیری کفر ہو جائے اور حسد تقدیر پر غالب آجائے۔
- ★ چھ قسم کے لوگ حساب سے پہلے جہنم میں داخل ہو جائیں گے۔
- ★ سب سے پہلا گناہ حسد تھا۔
- ★ احسان کرنے والوں کو احسان کا بدلہ دو کیونکہ بروں کو عنقریب انکی برائی کافی ہو جائے گی۔
- ★ بندے کا موت کو کثرت سے یاد کرنا خوشی اور حسد کو کم کرتا ہے۔
- ★ حسد ایسا زخم ہے جو کبھی نہیں بھرتا اور حاسد کے لیے یہی سزا کافی ہے۔
- ★ حاسد مجلس میں ذلت اور مذمت پاتا ہے۔
- ★ حسد صرف نعمت پر ہی ہوتا ہے۔
- ★ بسااوقات حسد کو منافست اور منافست کو حسد کا نام دیا جاتا ہے۔
- ★ حسد ہر حال میں حرام ہے۔
- ★ منافست بعض صورتوں میں واجب بعض میں مستحب اور بعض میں مباح ہے۔
- ★ منافست لغت میں نفاست سے مشتق ہے۔
- ★ حسد جائز نہیں مگر دو شخصوں پر۔
- ★ دوسرے سے زوال نعمت کا خاہش مند ہونا اگرچہ خود کو بھی نہ ملے یہ خباثت کی انتہا ہے۔
- ★ مذموم حسد کو سات ابواب میں جمع کیا گیا ہے۔
- ★ کینہ بدلہ اور انتقام لینے پر اکساتا ہے۔

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

بِسمِ اللہ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیم ط اَلْحَمدُللہِ رَبِّ العٰلَمِین وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلاَ مُ عَلٰی سَیِّدِالمُرسَلِین اَمَّا بَعد فَاَعُوذُبِاللہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیم

- ★ تعزز یہ ہے کہ خود پر دوسرے کی برتری کو برداشت کرنا۔
- ★ تکبر یہ ہے کہ انسان دوسرے پر خود کو بڑا سمجھے اور دوسرے کو ذلیل و حقیر خیال کرے۔
- ★ باطنی خباثت اور بھلائی کے کاموں میں بخیل ہونا بھی حسد کا ایک سبب ہے۔
- ★ بخیل وہ ہے جو اپنے مال میں کنجوسی کرے۔
- ★ شحیح وہ ہے جو دوسرے کے مال میں بخل کرے۔
- ★ حسد کے اسباب ان لوگوں میں زیادہ ہوتے ہیں جن کے درمیان باہمی روابط ہوتے ہیں۔
- ★ مال ایک جسم رکھنے والی ٹھوس چیز ہے۔
- ★ عارف کی ظاہری آنکھ بند بھی ہو تو پھر بھی اس کی روح جنت اعلیٰ میں نفع حاصل کرتی ہے۔
- ★ جنت میں ایک دوسرے سے حسد کا تصوّر نہیں ہوگا۔
- ★ جنت کا حصول اللہ عزوجل کی معرفت کے بغیر ممکن نہیں۔
- ★ عارفین کے سوا لذت معرفت کا شوق کسی کو نہیں ہوتا۔
- ★ حسد دل کے بڑے امراض میں سے ہے۔
- ★ قلبی امراض کا علاج علم و عمل کے ذریعے ہی ممکن ہے۔
- ★ حسد کے سبب کسی سے نعمت زائل نہیں ہوتی۔
- ★ کفر کا ارادہ کرنا بھی کفر ہے۔
- ★ حاسد شیطان کو خوش کرتا ہے۔
- ★ جنتی تین قسم کے ہیں۔
- ★ گناہ سے بچنا بھی نعمت ہے۔
- ★ حسد کا محل دل ہے اعضاء نہیں۔
- ★ بعض علما کہتے ہیں جب تک ظاہری اعضاء سے حسد ظاہر نہ ہو اس وقت تک کوئی گناہ نہیں۔
- ★ حسد سے نکلنے کا راستہ یہ ہے کہ وہ حد سے نہ بڑھے۔
- ★ صدیقین سے سب سے آخر میں دور ہونے والی چیز جاہ و منصب کی محبت ہے۔
- ★ ریاکاری ایک باطنی مرض اور شیطان کا مضبوط جال ہے۔
- ★ نفاق " کا مطلب ہے ظاہری قول یا فعل کا باطن کے خلاف ہونا۔
- ★ حضرت ابراہیم بن ادہم رحمۃاللہ علیہ نے فرمایا جس نے شہرت کو پسند کیا اس نے اللہ عزوجل کی تصدیق نہیں کی۔
- ★ حضرت سیدنا خالد بن معدان رحمۃاللہ علیہ کے گرد جب لوگ زیادہ ہو جاتے تو آپ شہرت کے ڈر سے اٹھ کر چلے جاتے۔
- ★ تھوڑی سی ریاکاری بھی شرک ہے۔
- ★ اگر تم گمنام رہ سکتے ہو تو گمنام رہو۔
- ★ مذموم وہ شہرت ہے جس کی چاہت کی جائے۔
- ★ جاہ و مال کی محبت دل میں ایسے نفاق پیدا کرتی ہے جس طرح پانی سبزی اگاتا ہے۔
- ★ دو بھوکے بھیڑیئے بکریوں کے ریوڑ میں اتنا نقصان نہیں کرتے جتنا جاہ و مال کی محبت ایک مسلمان کے دین میں بگاڑ پیدا کرتی ہے۔

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- جاہ اور مال دنیا کے دو رکن (ستون) ہیں۔
- مال سے زیادہ جاہ کی چاہت ہوتی ہے۔
- مال کا مالک ہونے کے مقابلے میں جاہ کا مالک ہونا تین وجوہ کی بنا پر فوقیت رکھتا ہے۔

## معاون سوالات

- ریاکاری کو دور کرنے کے امور تحریر کریں۔
- حسد اور رشک کے اسباب تحریر کریں۔
- حب جاہ کی مذمت پر 2 احادیث مبارکہ تحریر کریں۔
- معلومات کی کتنی اور کونسی اقسام ہیں؟
- بزرگانِ دین کا اپنی تعریف پر ناخوش ہونے کی کیا وجہ ہے؟
- عبادت کے ذریعے ریاکاری کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟
- اگر دوران نماز ریاکاری پر نادم ہو کر معافی کا طلبگار ہو تو نماز کا کیا حکم ہے؟
- ریاکاری کے متعلق 2 فرامینِ مصطفیٰ ﷺ تحریر کریں۔
- علم اور مال میں کیا فرق ہے؟
- تکبر کی تعریف بیان کریں۔
- حسد کا دینی اور دنیاوی ضرر کیا ہے؟
- خوف خدا سے رونا کب ریاکاری ہے کب نہیں؟
- لوگوں کی ضرورتوں کو پورا کرنے والا کیا امید رکھے؟
- شہرت کے متعلق 3 اقوال بزرگانِ دین بیان کریں۔
- عمل ظاہر کرنے کی کتنی اور کونسی صورتیں ہیں؟ صورتیں بیان کریں۔
- حسد کی تعریف و حکم بیان کریں۔
- انسان کی اپنے دشمن کے معاملے میں کتنی اور کون سی صورتیں ہیں؟
- شہرت کی مذمت پر 2 احادیث مبارکہ بیان کریں۔
- اولیاء اللہ میں سب سے زیادہ قابل رشک کون ہے؟
- جاہ کا معنی اور اسکی حقیقت تحریر کریں۔
- علم کے ذریعے حب جاہ کا علاج تحریر کریں.
- ریاکاری کے کتنے اور کون سے ارکان ہیں؟
- ریاکاری کی نیت سے شروع کی گئی نماز کا کیا حکم ہے؟

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- ★ ذکر الٰہی کا حق کیا ہے؟
- ★ علم سیکھنے میں طالبات علم کی کیا نیت ہونی چاہئے؟
- ★ خوشی کی ایک قسم قابل مذمت خوشی ہے اسکی صورت تحریر کیجئے۔
- ★ علمائے کرام کب حسد کرتے ہیں؟
- ★ کمال علم اللہ عزوجل کے لئے ہے اسکی 3 وجوہات تحریر کریں۔
- ★ ریاکاری کی عملی دوا تحریر کریں۔
- ★ تکبر کی 3 علامات لکھیں۔
- ★ عجب کی تعریف اور آفت بیان کریں۔
- ★ رشک کرنا کب واجب مستحب اور مباح ہے؟
- ★ طالب جاہ منزلت کے کتنے اور کون سے اوصاف ہیں؟
- ★ عمل سے پہلے اور عمل کے دوران وبعد مرید کے لئے کیا کیا ضروری ہے؟
- ★ منافست کا حکم بیان کریں۔
- ★ معلومات کی کتنی اور اور کون سی اقسام ہیں؟ وضاحت کریں۔
- ★ حسد کے کتنے اور کون سے درجات ہیں؟ وضاحت کریں۔
- ★ مال سے زیادہ جاہ کے محبوب ہونے کی وجوہات تحریر کریں۔
- ★ تعریف ومذمت کے سلسلے میں لوگوں کی کتنی اور کون سی حالتیں ہیں؟
- ★ ریاکاری سے بچنے کے کتنے اور کون سے مراتب ہیں؟
- ★ حسد کے کتنے اور کون سے اسباب ہیں؟ مختصراً وضاحت کریں۔
- ★ کون سی چیزوں کے ذریعے ریاکاری ہوتی ہے؟
- ★ قابل تعریف خوشی کتنی اور کون سی ہے؟
- ★ گناہ چھپانے کی کتنی اور کون سی اقسام ہیں؟
- ★ مدح کو پسند کرنے اور مذمت کو ناپسند کرنے کے اسباب تحریر کریں۔
- ★ غصہ کی حقیقت بیان کیجئے؟
- ★ شیطان انسان پر کب غالب آتا ہے؟
- ★ حضرت حسن بصری کے قول کے مطابق مسلمان کی چند علامتیں بیان کریں۔
- ★ قوت غضب کے کتنے درجات ہیں وضاحت کیجئے؟
- ★ ظاہری جسم اور اعضاء پر غصے کے کونسے اثرات ظاہر ہوتے ہیں؟

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- ★ ریاضت کے ذریعے غصے کو کم کرنے کا طریقہ بیان کیجئے؟
- ★ غصے کو قابو کرنے کے متعلق بزرگان دین کی چند واقعات بیان کیجئے؟
- ★ علم کے ذریعے غصے کے علاج کی کتنے طریقے ہیں؟ دو کی وضاحت؟
- ★ تحمل مزاجی کسے کہتے ہیں؟ نیز تحمل مزاجی کی فضیلت پر دو احادیث بیان کریں؟
- ★ کونسے 5 کام انبیائے کرام کی سنت ہے؟
- ★ حضرت اشج میں کونسی خصلتیں تھی جو اللہ کو پسند تھیں؟
- ★ بردباری کے متعلق بزرگان دین کے 3 اقوال لکھیں؟
- ★ کامل مومن کی علامت بیان کریں؟
- ★ کینہ کے معنی اور اسکی وجہ سے پیدا ہونے والی برائیاں تحریر کریں؟
- ★ فتح مکہ کے موقع پر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے کفار کے ساتھ کیا معاملہ فرمایا؟
- ★ نبوت کی وہ کونسی چار صفات تھیں جو حضرت ذوالقرنین کو عطا کی گئیں؟
- ★ نرمی کی فضیلت پر 4 فرامین مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم تحریر کریں؟
- ★ نرمی اور سختی کے متعلق بزرگان دین کے 2 اقوال لکھیں؟
- ★ بدگمانی بدشگونی اور حسد سے بچنے کا طریقہ تحریر کریں؟
- ★ پچھلی امتوں کی بیماریاں حدیث مبارکہ کی روشنی میں بیان کریں؟
- ★ کونسے لوگ حساب سے 1 سال پہلے جہنم میں داخل ہوں گے؟
- ★ حسد کی مذمت کے متعلق کوئی حکایت بیان کریں؟
- ★ منافست سے کیا مراد ہے نیز اسکا حکم تحریر کریں؟
- ★ رشک کرنا کب واجب کب مستحب اور مباح ہوتا ہے؟
- ★ علماء کب حسد کرتے ہیں؟
- ★ حدیث مبارکہ کے مطابق 3 قسم کے جنتی کون ہیں؟
- ★ اولیاء اللہ میں زیادہ قابل رشک کون ہے؟ حدیث مبارکہ کی روشنی میں تحریر کریں؟
- ★ جاہ کا معنی بیان کرتے ہوئے حب جاہ کی مذمت پر حدیث مبارکہ لکھیں؟
- ★ انبیائے کرام علیھم السلام خلفائے راشدین وآئمہ دین علیھم الرضوان کی شہرت سے بڑھ کر تو وو کسی کی شہرت نہیں پھر ان حضرات کے متعلق گمنامی کی فضیلت کیوں مروی نہیں؟
- ★ موجودات کی اقسام تحریر بیان کیجئے؟
- ★ انسان کا اپنی مرضی کے مطابق تصرف کر کے غلبہ حاصل کرنا کتنی قسموں پر منقسم ہے وضاحت کیجئے؟

مجلس تعلیمی امور (جامعات المدینہ گرلز)

- ★ تغییر کے معنی بیان کیجئے؟
- ★ کسی انسان کا اپنے استاد، خادم دوست، بادشاہ اور اس شخص کے دل میں جاہ و منصب چاہنا جس سے اس کا معاملہ رہتا ہے مطلقاً مباح ہے یا اسکی کوئی مخصوص صورت اور مقررہ حد ہے؟
- ★ مومن کن چیزوں سے خالی نہیں ہوتا؟
- ★ ریاکاری کی تعریف و حکم بیان کرتے ہوئے حضرت علی کے قول کے مطابق ریاکاری کی نشانیاں بیان کیجئے۔
- ★ ریاکاری کن صورتوں میں حرام، مکروہ، اور جائز ہے واضح کیجئے۔
- ★ ریاکاری کے کتنے ارکان ہیں بیان کیجئے۔
- ★ جب کسی کی نیکیوں کا چرچہ ہوتا ہے تو وہ خوش ہوتا ہے تو کیا ہر خوشی قابل مذمت ہے یا بعض قابل تعریف بھی ہیں؟
- ★ دل میں پیدا ہونے والی ریاکاری کے خطرات بیان کرتے ہوئے ریاکاری کو دور کرنے والے امور بیان کیجئے؟
- ★ واعظ کسے کہتے ہیں؟ نیز کون وعظ و نصیحت کرے اور کون نہیں؟
- ★ کسب افضل ہے یا ذکر الہی میں مشغولیت نیز علامات اخلاص بیان کیجئے۔